بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم　　وعلیٰ عبدہ المسیح الموعود

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ　　ان الدین عند اللہ الاسلام

The Ahmadiyya Movement In Islam, Inc.

INTERNATIONAL HQ.,
RABWAH, PAKISTAN.
National HQ.,
2141 Leroy Place, N.W.
Washington, D.C. 20008

اخبار احمدیہ نمبر ۵

West Coast Region,
3336 Maybelle Way,
Oakland, Calif 94619
Tel: (415) 261-9481

ربوہ۔ ۱۴ احسان (جون)۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق مکرم پرائیویٹ سیکرٹری صاحب کے نام آمدہ ۱۳ احسان کی اطلاع مظہر ہے کہ دانتوں میں کچھ تکلیف ہے۔ احباب بالالتزام دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضور کو صحت کاملہ عاجلہ عطا فرمائے اور اپنی تائید و نصرت سے نوازتا رہے آمین۔

حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی طبیعت ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے بہت زیادہ ناساز ہے۔ ضعف کے علاوہ سر میں شدید درد ہے۔ احباب جماعت خاص توجہ سے دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ حضرت سیدہ کو صحت کاملہ عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین۔

ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ السلام

"تمہیں چاہیئے کہ خالصتاً اللہ کے لئے ہو جاؤ۔ اگر تم اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کو مقدم کرو گے تو یقیناً سمجھو دنیا میں بھی ذلیل اور خوار نہیں رہو گے اللہ تعالیٰ کو اپنے بندوں کے لئے غیرت ہوتی ہے وہ خود اُن کا تکفّل فرماتا ہے۔ اور ہر قسم کی مشکلات سے انہیں نجات اور مخلصی عطا فرماتا ہے"

(ملفوظات جلد ہشتم صفحہ ۸۴، ۸۵)

"میں یقیناً جانتا ہوں اور کہتا ہوں کہ اگر تم میں وہ تخم بویا گیا جو صحابہؓ میں بویا گیا تھا تو اللہ تعالیٰ ہر طرح اپنے فضل کرے گا۔ ایسے شخص پر کوئی حملہ نہیں کر سکتا۔ اس امر کو خوب یاد رکھو۔ اگر خدا تعالیٰ کے ساتھ سچا اور مضبوط تعلق ہو جاوے تو پھر کسی کی دشمنی کی کیا پروا ہو سکتی ہے"

(ملفوظات جلد ہشتم صفحہ ۸۵)

صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جماعتہائے احمدیہ گھانا کے ۴۵ ویں جلسہ سالانہ کے موقع پر جو روح پرور پیغام بھجوایا اس میں حضور فرماتے ہیں کہ:-

"بہت سے لوگ یہ سمجھ رہے ہیں کہ اسلام ایک اچھا مذہب ہے لیکن وہ ساتھ ہی اسلام کی عملی حالت کو بھی دیکھنا چاہتے ہیں اور یہ صرف احمدیوں ہی کی ذمہ داری ہے کہ وہ ...... اسلام کا کامل نمونہ پیش کریں۔ اسلام کی تمام خوبصورتی ہمارے اپنے اعمال اور دوسروں کے ساتھ عمدہ اخلاق سے ظاہر ہونی چاہیئے۔ اگر ہم یہ حاصل کر لیں تو مجھے یقین ہے کہ اسلام کے انتہائی غلبہ کے دن بہت ہی قریب ہیں"

اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں بار بار انفاق فی سبیل اللہ کی طرف توجہ دلائی ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضور کے خلفاء اس کی تاکید فرماتے چلے آئے ہیں اور جماعت میں مختلف مالی تحریکات جاری رہتی ہیں۔ غلبۂ اسلام کی خاطر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ نے صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ کا قیام فرمایا۔ ہر مخلص احمدی کا فرض ہے کہ نہ صرف یہ کہ خود اس میں شامل ہو بلکہ دوسرے افرادِ جماعت کو بھی تحریک کرتے رہیں کہ وہ اس فنڈ کو مضبوط بنائیں۔

(سیکرٹری صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ)

حدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم

آنحضرتؐ نے فرمایا

اللہ تعالیٰ تمہارے جسموں کو نہیں دیکھتا۔ اور نہ ہی وہ تمہاری صورتوں کو کہ خوبصورت ہیں یا بدصورت بلکہ وہ تمہارے دلوں کو دیکھتا ہے کہ ان میں کتنا اخلاص اور حسنِ نیت ہے۔

تین دعائیں بلاشک قبول ہوتی ہیں۔ مظلوم کی دعا۔ مسافر کی دعا اور باپ کی بیٹے کے حق میں دعا

انسان اپنے رب سے سب سے زیادہ قریب اُس وقت ہوتا ہے۔ جب وہ سجدے میں ہو۔ اس لئے سجدے میں بہت دعا کیا کرو

اللہ تعالیٰ اس انسان سے محبت کرتا ہے۔ جو پرہیزگار ہو بے نیاز ہو۔ گمنامی اور گوشہ نشینی کی زندگی بسر کرنے والا ہو۔

مسواک کرنا منہ کی پاکیزگی اور اللہ تعالیٰ کی رضا کا موجب ہے۔

جب تم تین ہو۔ تم میں سے دو الگ سرگوشی نہ کریں۔ جب تک کہ دوسرے لوگوں کے ساتھ نہ مل جاؤ۔ کیونکہ اس طرح تیسرے آدمی کو رنج ہو سکتا ہے۔ کہ نہ معلوم انہوں نے کیا بات مجھ سے چھپا لی۔

ذکرِ الٰہی کرنے والے اور ذکرِ الٰہی نہ کرنے والے کی مثال زندہ اور مُردہ کی طرح ہے۔ یعنی جو ذکر کرتا ہے وہ زندہ ہے۔ جو نہیں کرتا وہ مُردہ ہے۔

بہترین ذکر کلمۂ توحید ہے۔ یعنی اس بات کا اقرار کرنا۔ کہ اللہ ایک ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور بہترین دعا الحمد للہ ہے۔

ضروری اعلان

احباب جماعت کی خدمت میں جو سوالنامہ ماہ مئی میں ارسال کیا گیا تھا۔ ان کے جوابات بعض احباب نے ابھی تک خاکسار کو ارسال نہیں کئے۔ ایسے احباب کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ اپنے سوالنامہ کے جوابات جلد ارسال فرما دیں۔

عطاء اللہ کلیم

رمضان المبارک ان شاء اللہ ۲۵ جولائی کو شروع ہوگا۔

جماعت امریکہ کی سالانہ کنونشن ۳۱ اگست تا ۲ ستمبر سنٹ لوئس میں ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔